سلسلہ تفسیر القرآن العظیم

خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ

# وَلَوْ أَنَّنَا

8

## آٹھویں پارے/جزء کا مختصر تعارف

مضامین قرآن کا جامع ومختصر تعارف

حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

© Copyright Reserved جمیع الحقوق محفوظۃ

# آٹھویں پارے (جزء)"ولواننا"کامختصر تعارف

**Edition 2022**

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Waffaqahullaah

**Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;**
**Founder & Director of AskIslamPedia.com**
**Chairman: Ocean The ABM School, Hyderabad, TS, INDIA.**
**+91 92906 21633 (WhatsApp only)**
**www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com**

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

بسم الله الرحمن الرحيم

رَبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ خَيْرُ الْمُنزِلِينَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ

سُوْرَةُ صٓ

یہ بابرکت کتاب ہے جسے ہم نے آپ [ﷺ] کی طرف اس لئے
نازل فرمایا ہے کہ لوگ اس کی آیتوں پر غور و فکر کریں
اور عقلمند اس سے نصیحت حاصل کریں۔

| آٹھویں پارے (جزء) کا مختصر تعارف |
|---|
| " Para 8 – Wa Lau Annana" وَلَوْ أَنَّنَا |

آٹھویں پارے وَلَوْ أَنَّنَا کو علمائے کرام نے 19 یونٹس میں تقسیم کیا اور اس پارے کو بھی دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے سورۃ الانعام کی بقیہ آیات اور دوسرا حصہ سورۃ الاعراف کی 93 آیت پر مشتمل ہے آٹھویں پارے 18 یونٹس حسبِ ذیل ہیں:

| یونٹس کے حساب سے پارہ نمبر 8 "وَلَوْ أَنَّنَا" کی آیات اور مضامین کی تقسیم | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹس | آیات | | مضامین |
| | | | سورۃ الانعام |
| یونٹ نمبر:1 | 111 | 114 | نبیوں کے زیادہ تر دشمن شیاطین ہیں اور وہ ہر نبی کو ایذاء پہنچاتے رہے ہیں، اللہ کے فیصلوں کو کوئی نہیں بدل سکتا اللہ کے فیصلے بہت اٹل ہوتے ہیں۔ |
| یونٹ نمبر:2 | 115 | 117 | رائے اور قیاس کی بنیاد پر باتیں کرنے والوں سے دور رہنے کے لیے کہا گیا۔ |
| یونٹ نمبر:3 | 118 | 121 | حلال و حرام ذبیحہ کے اصول اور قواعد بیان کئے گئے، اور گناہوں کو چھوڑ دینے کا حکم دیا گیا، شکاری کتوں کے احکام و مسائل بیان کئے گئے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:4 | 122 | 126 | مومن اور کافر کے مابین پائے جانے والے فرق کا بیان ، دشمنان اسلام کی طرف سے کھڑے کئے جانے والے رکاوٹوں کے اسباب اور وجوہات کا بیان، اور جو دل اللہ کی طرف مائل ہوں ان کے لیے راہیں آسان کر دی جاتی ہیں۔ |
| یونٹ نمبر:5 | 127 | 135 | نیک اور صالح لوگوں کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہترین وعدے ہیں اور بدکاروں کے لیے بدترین عذاب تیار ہے۔ |
| یونٹ نمبر:6 | 136 | 140 | اللہ اور غیر اللہ کے نام پر کھیتوں اور جانوروں کی تقسیم، اولاد کے قتل کا تذکرہ جبکہ قتل ایک سنگین جرم اور گناہ ہے۔ |
| یونٹ نمبر:7 | 141 | 150 | تفصیلی طور پر زکوۃ کے مسائل اور احکامات کا بیان ،حرام مال کے نقصان کا ذکر، اللہ تعالیٰ کی جانب سے کئے گئے حلال و حرام کی تفصیل، حلال و حرام جانوروں اُصول اور قواعد، مشرک ہو یا کافر اگر توبہ کر لے تو ان کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں، جبر و قدر کے مسئلے میں کفار و مشرکین کی روش اور جہالت پر مبنی سوچ کا بیان۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:8 | 151 | 153 | "Ten Commandments" کا بیان |
| یونٹ نمبر:9 | 154 | 157 | موسیٰ پر تورات کے نزول کا بیان اور کفار و مشرکین سے یہ کہا جانا کہ اب تم میں سے ایک پر کتاب نازل کی گئی سو اب تمہارے پاس اس کتاب کو ماننے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔ |
| یونٹ نمبر:10 | 158 | 165 | قربِ قیامت (مغرب سے سورج طلوع ہونے کے بعد ) اور غرغرئ موت کے وقت توبہ کے دروازے بند ہونے کا بیان، نیکی کا دس گنا ثواب اور غلطی کی سزا برابر برابر، اللہ کی نظر میں احمق وہ ہے جو دین حنیف سے منہ موڑ لے اور جھوٹے معبودوں کا سہارا لے۔<br>اللہ کی رحمت اللہ کے غضب پر غالب آگئی۔ |
| سورۃ الاعراف | | | |
| یونٹ نمبر:11 | 1 | 9 | سورۃ الأعراف کی شروعات اتباع کی اہمیت اور فضیلت سے ہوئی ہے اور اس کے بعد کہا گیا کہ اپنے اولیا اور سرپرستوں اور اباواجداد کی اتباع سے منع کیا گیا ہے، سابقہ امتوں کی بستیوں اور کھنڈرات کو بطور عبرت بیان کیا گیا، قیامت کے دن میزان عمل کا بیان ہے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:12 | 10 | 25 | اللہ تعالیٰ کے احسانات اور آدم علیہ السلام کی پیدائش کا ذکر اور اس کے بعد یہ کہہ دیا گیا کہ ابلیس نسل آدم کا کھلا دشمن ہے، ابلیس نے پہلے تو گناہ کیا پھر اس گناہ کا عذر پیش کیا اس طرح سے اس کا گناہ دوگنا ہو گیا لہذا اس کو سزا دی گئی اور وہ دھتکار دیا گیا، پھر اس کے بعد یہ کہہ دیا گیا کہ جو کوئی شیطان کی راہ پر چلے گا اس کو جہنم کا ایندھن بنا دیا جائے گا، پھر اس یونٹ کے آخر میں آدم علیہ السلام علیہ السلام اور حوا علیہا السلام علیہا السلام کا اس زمین پر اترنے کا بیان ہے۔ |
| یونٹ نمبر:13 | 26 | 30 | ابلیس کے حربے اور اس کے فتنوں سے بچنے کی خصوصی تاکید کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:14 | 31 | 34 | زیب و زینت کو حلال کہا گیا اور اسراف سے منع کر دیا گیا اس کے بعد حلال و حرام کی تفصیلات بیان کی گئی۔ |
| یونٹ نمبر:15 | 35 | 41 | رسولوں کے معاونین اور معاندین کے فرق کا بیان، جس نے اللہ پر بہتان باندھا وہ سب سے بڑا ظالم۔ |
| یونٹ نمبر:16 | 42 | 45 | جنتیوں اور جہنمیوں کے مکالمے کا بیان۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:17 | 46 | 53 | أصحاب الأعراف کا بیان، کفر کے راستوں پر چلنے والوں کا حشر، جس نے جیسا عمل کیا ہے اس کو ویسا ہی بدلہ دیا جائے گا، اس کے بعد جنت اور دوزخ ذکر کیا گیا۔ |
| یونٹ نمبر:18 | 54 | 58 | اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کا بیان، کوئی انسان دعا مانگے تو اس کی دعا قبول ہو گی، اللہ تعالیٰ کے قدرت کی نشانیاں بیان کی گئی۔ |
| یونٹ نمبر:19 | 59 | 93 | نوح علیہ السلام، صالح علیہ السلام ، لوط علیہ السلام، شعیب علیہ السلام علیہم السلام اور ان کے قوموں کے واقعات بیان کئے گئے اور ان پر اتارے گئے عذابوں کا ذکر کیا گیا۔ |

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

**یونٹ نمبر**:1

آٹھواں پارہ سورۃ الانعام سورۃ نمبر 6 کی آیت نمبر 111 سے لیکر آیت نمبر 114 میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے کہ نبیوں کے دشمنوں میں کثیر تعداد شیاطین کی ہے ان میں جن شیطان بھی ہیں انسان شیطان بھی ہیں پھر اس کے بعد جھوٹے "Propaganda" کا ذکر کیا جا رہا ہے اور قرآن مجید اس بارے میں یہ رہنمائی کرتا ہے کہ جھوٹے "Propaganda" کا ساتھ نہیں دینا چاہئے کیونکہ یہ تمام چیزیں شیاطین کی جانب سے ہوتی ہیں اس کے بعد یہ بتایا گیا کہ اللہ کے تمام فیصلے اٹل ہوتے ہیں ان فیصلوں کو کوئی بھی نہیں بدل سکتا۔

## یونٹ نمبر1: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.1"

- معجزات طلب کرنے پر مشرکین کو تنبیہ کی گئی اور اس پر ان کو وعید سنائی گئی (109-113)
- اللہ کی گواہی رسول ﷺ کے حق میں، جو بھی رب کی طرف سے نازل ہوتا ہے وہ سچ ہے(114-115)

**یونٹ نمبر2:**

آٹھواں پارہ سورۃ الانعام سورۃ نمبر 6 کی آیت نمبر 115 سے لیکر آیت نمبر 117 میں کچھ قواعد اور اصول بتائے گئے ہیں کہ دنیا میں زیادہ تر لوگ ایسے ہیں کہ اگر ان کا کہنا ماننے لگیں تو وہ لوگوں کو اللہ کی راہ سے بھٹکا دیں گے اور لایعنی باتوں اور پراگندہ خیالات کے عادی بنا دیئے جائیں گے اور وہ لوگ ہر بات میں رائے اور قیاس کو داخل کر دیں گے،اس کیا بعد یہ ارشاد ہوا کہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو اچھی طرح جانتا ہے اور وہ جس راہ پر چل رہے ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ اس راہ سے بھی بخوبی واقف ہوتا ہے۔

## یونٹ نمبر2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2"

- اللہ کی گواہی رسول ﷺ کے حق میں، جو بھی رب کی طرف سے نازل ہوتا ہے وہ سچ ہے(114-115)
- کافروں کی صفات کا بیان اور اللہ ان کے دلوں کی بات کو جانتا ہے(116-117)

## یونٹ نمبر3:

آٹھواں پارہ سورۃ الانعام سورۃ نمبر 6 کی آیت نمبر 118 سے لیکر آیت نمبر 121 میں حلال و حرام ذبیحہ کے اصول اور قواعد بتائے گئے اور اس کے بعد ظاہری اور باطنی گناہوں کو ترک کر دینے کا حکم دیا گیا اس کے بعد شکاری کتوں کے احکام و مسائل بیان کئے گئے۔

### یونٹ نمبر3:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.3"

- ذبائح میں حلال و حرام کا بیان (118-121)

## یونٹ نمبر4:

آٹھواں پارہ سورۃ الانعام سورۃ نمبر 6 کی آیت نمبر 122 سے لیکر آیت نمبر 126 میں مومنوں اور کافر کے مابین پائے جانے والے فرق کو بیان کیا گیا دشمنان اسلام کی جانب سے ڈالے جانے والے رکاوٹوں کے اسباب اور وجوہات بیان کی گئی، اس کے بعد یہ کہا گیا کہ جس پر اللہ مہربان ہوتے ہیں اس کے لیے ہدایت آسان ہو جاتی ہے یعنی کہ جس کے دل اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی طرف مائل ہوتے ہیں ان کی راہیں آسان کر دی جاتی ہیں اور ان کے سینے کھول دیئے جاتے ہیں۔

### یونٹ نمبر4:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.4"

- مومن اور کافر کی مثال بیان کی گئی (122)
- مجرمین کے مکر اور ان کی سزا کا بیان (123-124)
- ہدایت یافتہ اور گمراہ کی مثال بیان کی گئی (125)
- ہدایت یافتہ لوگوں کی جزا کا بیان (126-127)

**یونٹ نمبر** 5:

آٹھواں پارہ سورۃ الانعام سورۃ نمبر 6 کی آیت نمبر 127 سے لیکر آیت نمبر 135 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ نیک اور صالح لوگوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے وعدہ کرر کھا ہے اور بدکاروں کے لیے دھمکیاں دی ہیں ان میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو جنوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں ایسے لوگوں کے لیے آخرت میں بدترین عذاب تیار ہے اور ایسے لوگوں سے اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے۔

**یونٹ نمبر 5: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.5"**

- ہدایت یافتہ لوگوں کی جزا کا بیان (126-127)
- قیامت کے بعض مناظر کا تذکرہ (128-132)
- نافرمان لوگوں کو ڈرایا گیا (133-135)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

**یونٹ نمبر** 6:

آٹھواں پارہ سورۃ الانعام سورۃ نمبر 6 کی آیت نمبر 136 سے لیکر آیت نمبر 140 میں یہ بیان کیا کہ کس طرح کفار اور مشرکین نے اللہ اور غیر اللہ کے نام پر کھیتیاں اور جانور تقسیم کر رکھے ہیں ایسا کرنا سراسر شرک ہے اور اس کے بعد نذر و نیاز کے احکام و مسائل بیان کیئے گئے اور اس کے بعد کہا گیا کہ بعض لوگ اپنی اولاد کو قتل کر دیتے ہیں ان میں بہتوں کو رزق کی تنگی کا خوف ہوتا ہے اور کچھ لوگ "Honor Killing" کے نام پر اپنے اولاد کو قتل کر دیتے ہیں، جبکہ قران نے قتل کو ایک سنگین جرم اور گناہ قرار دیا ہے۔

## یونٹ نمبر6:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.6"

- مشرکین کی افتراء پردازیاں اور ان کا جواب(136-140)

**یونٹ نمبر**7:

آٹھواں پارہ سورۃ الانعام سورۃ نمبر 6 کی آیت نمبر 141 سے لیکر آیت نمبر 150 میں زکوۃ کے احکام و مسائل بیان کئے گئے اور یہ بھی کہہ دیا گیا کہ بعض لوگوں نے حلال و حرام کے خود ساختہ اصول اور قواعد بنالیے ہیں جو بہت ہی نقصاندہ ہیں اس کے بعد حرام و حلال ذبیحہ کے اصول بتائے گئے اس کے بعد حلال و حرام جانوروں کی تقسیم اور اس کے اصول اور قواعد بتائے گئے اس کے بعد یہ کہا گیا کہ مشرک ہو یا کافر اگر وہ سچی توبہ کر لیں تو ان کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں، بعض کفار اور مشرک یہ کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے شرک، کفر اور حرام کاموں سے خوش ہے اگر اللہ تعالیٰ خوش نہ ہوتا تو وہ ہم کو ان کاموں سے روک دیتا۔

## یونٹ نمبر7:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.7"

- اللہ کی قدرت اور اس کی نعمتوں کا بیان(141-144)
- مشرکین کے کمزور شبہ کا بیان(148-150)

**یونٹ نمبر**8:

آٹھواں پارہ سورۃ الانعام سورۃ نمبر 6 کی آیت نمبر 151 سے لیکر آیت نمبر 153 میں "Ten Commandments" کا ذکر:

1) "First Commandment" "اللہ تعالٰی کے ساتھ کسی کو شریک نہ کیا جائے گا ۔

2) "Second Commandment" "ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے گا۔

3) "Third Commandment" "اولاد کو قتل نہ کیا جائے گا۔

4) "Fourth Commandment" "برائیوں اور بدکاریوں سے اجتناب کیا جائے گا۔

5) "Fifth Commandment" "ناحق قتل نہ کیا جائے گا۔

6) "Sixth Commandment" "یتیموں کا مال نہ کھایا جائے گا۔

7) "Seventh Commandment" "ناپ تول پورا کیا جائے گا۔

8) "Eight Commandment" "بات کرتے وقت انصاف کو مد نظر رکھا جائے گا۔

9) "Ninth Commandment" "اللہ تعالٰی کے عہد کو پورا کیا جائے گا۔

10) "Tenth Commandment" "صراط مستقیم پر اتباع لازم قرار دیا جائے گا۔

## یونٹ نمبر 8: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.8"

- 10 اہم تعلیمات و محرمات کا تذکرہ (151-153)

## یونٹ نمبر 9:

آٹھواں پارہ سورۃ الانعام سورۃ نمبر 6 کی آیت نمبر 154 سے لیکر آیت نمبر 157 میں تورات کا ذکر کیا گیا اور کہا گیا کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل فرمائی تا کہ نعمتوں کا اتمام پورا ہو جائے رحمت اور برکت کامل ہو جائے اور لوگ اپنے رب سے ملاقات پر یقین کر لیں، اس کے بعد کفار قریش مشرکین مکہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا گیا اب تمہارے پاس یہ بہانہ بھی نہیں ہے کہ تم کہو کہ ہمیں تو کوئی کتاب نہیں ملی اب تو تمہیں میں سے ایک پر کتاب نازل ہوئی ہے تو تم اب اس کتاب کو مان لو ورنہ پھر تمہیں بھی سخت عذاب کا سامنا کرنا پڑے گا۔

## یونٹ نمبر 9: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.9"

- اللہ نے کتاب میں جو بھی نازل کیا اس میں ہدایت ہے اس کی اتباع واجب ہے اور جو اس کی مخالفت کرے اس کے لیے وعید (154-157)

## یونٹ نمبر 10:

آٹھواں پارہ سورۃ الانعام سورۃ نمبر 6 کی آیت نمبر 158 سے لیکر آیت نمبر 165 پر سورۃ الانعام کا اختتام ہے اس سورۃ کے اختتام پر یہ بتایا جا رہا ہے کہ حجتیں تمام کر دی اور اس وقت بھی توبہ قبول نہیں کی جاتی جبکہ کوئی غرغرئے موت میں ہو اور یہاں پر یہ بھی کہہ دیا گیا کہ اس سے بھی زیادہ بے بسی قیامت کے دن کی بے بسی ہو گی اس دن جنہوں نے نیکی کی ہو گی نیکی کا دس گنا ثواب عطا کیا جائے گا اور جس نے گناہ کئے ہوں گے گناہوں کی سزا برابر برابر ہو گی، اس کے بعد یہ کہا گیا کہ سب سے احمق وہ لوگ ہیں جنہوں نے دینِ حنیف سے منہ موڑا اور باطل معبودوں کا سہارا لیا پھر یہ کہا گیا اللہ کی رحمت اللہ کے غضب پر غالب آ گئی۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

## یونٹ نمبر 10: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.10"

- موت، قیامت اور اس کی علامات کا تذکرہ (158-160)
- ہدایت اللہ کی نعمت ہے اور خالص عبادت کرنے کی تعلیم دی گئی اس لئے کہ وہی قادر مطلق ہے (161-165)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# سُورَةُ الأَعْرَافِ

# SURAH AL-A'RAAF

| | | |
|---|---|---|
| The Wall of Elevations | Jannat aur jahannum ke drmiyan ki jagah | جنت اور جہنم کے درمیان کی جگہ |

"The Place of Revelation" / مقام نزول-مکہ

**MAKKAH**

یہ سورت مکہ میں نازل ہوئی

GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION

## "Few Objectives" بعض اہداف

- تمام انبیاء علیہم السلام کا مشن یہی تھا کہ لوگوں تک اسلام کا پیغام پہنچائیں اور بس یہی ان کی ذمہ داری تھی نہ کہ اسلام قبول کروانے کی تو پھر اگر لوگ اسلام قبول نہ کریں تو مایوسی کس بات کی!!!
- یہ وہ پہلی سورت ہے جس میں بالتفصیل انبیاء کے قصے بیان کیے گئے ہیں آدم علیہ سے لے کر آخر تک۔ اس میں نوح، ہود، صالح، شعیب، موسی علیہم السلام سے لے کر محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام انبیاء کا تذکرہ ہے۔

- اس سورت میں حق و باطل کے درمیان ہونے والے دائمی نزاع کی تصویر کشی کی گئی ہے۔ اور یہ بھی واضح کیا گیا کہ باطل دنیا میں کیسے فساد برپا کرتا ہے۔
- اس سورت میں بیان کیا گیا ہر نبی کا قصہ دو چیزوں کو ظاہر کرتا ہے: 1۔ خیر اور شر کے درمیان نزاع اور 2۔ ابلیس کی چال بازیاں جو وہ بنی آدم کے ساتھ کر رہا ہے، اسی لیے اللہ نے چار بار یہ ندا دی (يا بني آدم) تاکہ انسانوں کو اس کے دشمن سے چوکنا کرے جس نے آدم کو اللہ کی مخالفت کا وسوسہ کیا۔[1]

## مناسبت / لطائف تفسیر

- انعام اور اعراف مکی سورتیں ہیں جس میں قریش کے شبہات واعتراضات کا رد ہے۔ انعام میں اتمام حجت ہے اور اعراف میں انذار۔
- سورہ انعام میں سوال وجواب ومجادلۂ احسن جب کہ سورہ اعراف میں تاریخی مثالوں سے انذار کا طریقہ اپنایا گیا۔
- اس سورت کا نام اعراف اس لیے ہے کیونکہ اس میں لفظ اعراف آیا ہے جو ایک دیوار ہے جنت اور جہنم کے درمیان۔ یہاں وہ لوگ ہوں گے جن کی نیکیاں اور برائیاں برابر ہوں گی۔ ان کی برائیاں انہیں جنت میں جانے سے روکیں گی اور ان

---

[1] (أضواء البيان فى إيضاح القرآن بالقرآن. [ 117\20)

کی نیکیاں انہیں جہنم میں جانے سے روکیں گی۔اس لیے وہ اس دیوار پر رہینگے یہاں تک کہ ان کے درمیان اللہ فیصلہ فرمادے۔[2]

**یونٹ نمبر11:**

آٹھواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 1 سے لیکر آیت نمبر 9 میں اتباع کی اہمیت اور فضیلت بیان کی گئی ہے اور اپنے اولیا اور سرپرستوں اور اباواجداد کی اتباع سے منع کیا گیا ہے،اور اس کے بعد سابقہ امتوں کی بستیوں کے کھنڈرات کو بطور عبرت بیان کیا گیا ہے اس کے بعد یہ ذکر کیا گیا کہ قیامت کے دن نیکی، بدی، انصاف وعدل کے ساتھ میزان میں تولے جائیں گے۔

**یونٹ نمبر 11:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.11"**

- قرآن اللہ کی طرف سے حق ہے اس کی اتباع کرنا واجب ہے(1-3)
- دنیا اور آخرت میں نافرمان اور جھٹلانے والوں کا انجام بتایا گیا(4-9)

**یونٹ نمبر12:**

آٹھواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 10 سے لیکر آیت نمبر 25 میں آدم علیہ السلام کی پیدائش کا ذکر ہے اور اس کے بعد یہ کہا گیا کہ شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے، قیاس کرنا جائز ہے لیکن قیاس باطل کو حرام کہا گیا ہے سب سے پہلے ابلیس نے قیاس باطل کیا تھا" عذر گناہ بدتر از گناہ " کے مترادف شیطان نے گناہ کیا اور گناہ کے بعد اس گناہ کا عذر پیش

---

[2] (مزید تفصیل کے لیے تفسیر طبری دیکھیے) (ص 190)

کیالہٰذا وہ دھتکار دیا گیا حالانکہ جب آدم علیہ السلام علیہ السلام سے خطا ہوئی تو آپ علیہ السلام نے فوراً اللہ تعالیٰ کے حضور توبہ کی اور آپ علیہ السلام کی توبہ قبول کرلی گئی اور یہ فرمایا گیا کہ جو اللہ کی نافرمانی کریگا اور شیطان کی راہ پر چلے گا وہ جہنم کا ایندھن بنا دیا جائے گا اس کے بعد آدم علیہ السلام علیہ السلام اور حوا علیہا السلام علیہما السلام کا اس کرہ ارض پر اترنے کا واقعہ بیان کیا گیا۔

**یونٹ نمبر 12 :کے موضوعات "Few Topics of Unit No. 12"**

- زمین میں خلافت کا قصہ اور ابلیس کا آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے انکار اور آدم علیہ السلام کو زمین پر بھیجے جانے کا تذکرہ (10-25)

**یونٹ نمبر** 13:

آٹھواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 26 سے لیکر آیت نمبر 30 میں شیطان کے فتنوں سے بچنے کی خصوصی طور پر تاکید کی گئی۔

**یونٹ نمبر 13 :کے موضوعات "Few Topics of Unit No.13"**

- بنی آدم سے خطاب کہ وہ اللہ کے انعامات اور اس کے فضل کو یاد کریں اور ساتھ ہی ساتھ شیطان کے وسوسہ سے ڈرایا گیا (26-27)
- عقیدے میں کفار کی گمراہیوں کا بیان اور اللہ نے جو حرام کیا ہے اس کا بیان (28-33)

**یونٹ نمبر** 14:

آٹھواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 31 سے لیکر آیت نمبر 34 میں زیب و زینت کو حلال قرار دیا اور اسراف سے منع کر دیا گیا، اور یہ فرمایا گیا یہ حرام ہے کہ کسی چیز کو اپنی طرف سے حرام قرار دیدیا جائے جب کہ اس کے حرام ہونے کی کوئی دلیل نہ ہو اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی طرف سے جن چیزوں کو حرام کہا گیا اس کا بیان ہے۔

| یونٹ نمبر 14: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.14" |
|---|

- عقیدے میں کفار کی گمراہیوں کا بیان اور اللہ نے جو حرام کیا ہے اس کا بیان (28-33)
- ہر شخص کی انتہاء موت ہے (34)

**یونٹ نمبر** 15:

آٹھواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 35 سے لیکر آیت نمبر 41 میں بتایا گیا کہ جن لوگوں نے رسولوں کی اتباع نہ انکو کوئی خوف ہے اور نہ کوئی ڈر ہے، اور جنہوں ے رسولوں کی نافرمانی کی ان کا انجام بہت ہی برا ہے، اس کے بعد کہا گیا کہ سب سے بڑا ظالم وہ ہے جو اللہ پر بہتان باندھے۔

| یونٹ نمبر 15: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.15" |
|---|

- رسولوں کی مہم اور ان پر ایمان لانے والوں کی جزا کا بیان (35)
- کافروں کا رسولوں کے ساتھ معاملہ اور قیامت کے دن ان کا انجام (36-41)

**یونٹ نمبر** 16:

آٹھواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 42 سے لیکر آیت نمبر 45 میں جنتیوں اور جہنمیوں کے درمیان کا مکالمہ اور اس کے بعد کے احوال کا بیان۔

**یونٹ نمبر 16: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.16"**

- قیامت کے دن مومنوں کے ثواب کا بیان (42-43)
- جنت والے، جہنم والے اور اعراف والوں کا مکالمہ (44-51)

**یونٹ نمبر 17:**

آٹھواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 46 سے لیکر آیت نمبر 53 میں اصحاب الاعراف یعنی کہ جنت اور جہنم کے درمیان بعض ایسے لوگ ہوں گے جن کے نیکیاں اور برائیاں برابر برابر ہوں گے ان کو اصحاب الاعراف کہاجاتا ہے، اس کے بعد کفر کے راستوں پر چلنے والوں کا حشر بیان کیا گیا، اس کے بعد جنت اور دوزخ کا ذکر کیا گیا۔

**یونٹ نمبر 17: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.17"**

- جنت والے، جہنم والے اور اعراف والوں کا مکالمہ (44-51)
- نزول قرآن کے ذریعہ کافروں پر اتمام حجت کا بیان اور قیامت کے دن کافروں کا اعتراف (52-53)

**یونٹ نمبر 18:**

آٹھواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 54 سے لیکر آیت نمبر 58 میں اللہ کی حمد وثناء بیان کی گئی اور ارشاد ہوا کہ جو بندہ دعا کرتا ہے اس کی دعا قبول کی جاتی ہے اس کے بعد

اللہ تعالیٰ کے قدرت کی نشانیاں بیان کی گئی ربوبیت کی اور الوہیت کے تمام مظاہر کا ذکر کیا گیا۔

**یونٹ نمبر 18: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.18"**

- اللہ کی قدرت اور اس کی وسعت رحمت کے دلائل (54-56)
- مومن اور کافر کے لیے بعث بعد الموت کے دلائل (57-58)

**یونٹ نمبر** 19:

آٹھواں پارہ سورۃ الاعراف سورۃ نمبر 7 کی آیت نمبر 59 سے لیکر آیت نمبر 93 میں نوح علیہ السلام علیہ السلام کا اور قومِ نوح کا ذکر کیا گیا، اور قومِ عاد کے قصے بیان کئے گئے، اور قومِ ثمود کی نافرمانیاں اور صالح علیہ السلام علیہ السلام کی محنتوں کا تذکرہ ہوا اور اس کے بعد لوط علیہ السلام علیہ السلام اور ان کی قوم کے واقعات بیان کئے گئے اور پھر قومِ لوط کے برائیوں کا ذکر کیا گیا، اس کے بعد مدین کی قوم کے برائیوں کا ذکر ہے اور شعیب علیہ السلام علیہ السلام کے واقعات کا تذکرہ ہے۔

**یونٹ نمبر 19: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.19"**

- نوح، ہود، صالح، لوط اور شعیب علیہم السلام کے قصوں کا بیان (59-93)

# Free Islamic Books

www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)